Pratham

کہانی بناؤ

مقصد : طالب علم میں خودسوچنے اوراظہار خیال کرنے کی قابلیت کا فروغ ہوگا۔
ٹھیک اسی طرح دوسروں کو سمجھنے کی صلاحیت کا بھی فروغ ہوگا۔

سرگرمی کا مقصد یہ کیوں ضروری ہے؟

طالب علم کسی موضوع پر کوئی ایک جملہ بول کر کہانی بنانے کی شروع کرے۔ طالب علم کے ذریعہ بولے گئے جملہ سے متعلق دوسرا جملہ دوسرا طالب علم بول کر کہانی کو آگے بڑھائے گا۔ اسی طرح طالب علم ایک جملہ بول کر کہانی کو آگے بڑھاتا جائے گا۔ کہانی سب کو پڑھ کر سنائے گا۔ اس سرگرمی میں کہانی بنانے کے دوران طالب علم کو کچھ احتیاطوں کے بارے میں واقف کروائیں۔ جیسے اگر کہانی کی شروعات زمانہ 'حال' میں ہے تو اس سے متعلق آگے کے جملہ بھی زمانہ حال میں ہی کہیں ۔کہانی کی شروعات اگر زمانہ 'ماضی' یا 'مستقبل' میں ہے تو طالب علم اپنے آگے کے جملے بھی ماضی یا مستقبل میں ہی بولیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جملہ بولنے کے دوران پہلے بولے گئے جملہ سے متعلق جنس، اسم کی واحد وجمع سے متعلق احتیاطوں کا خیال رکھیں۔

شروع میں 10 یا 12 جملوں کی کہانی بنانے کی کوشش کریں۔ آہستہ آہستہ اوپر دی گئی باتوں کا خیال رکھتے ہوئے بڑی کہانی لکھنے کی مشق کریں۔